# پاکستان کی ترقی ہماری خوشحالی کی ضامن ہے



## میرپور کی ہردلعزیز شخصیت جناب راجہ سکندر کا خصوصی پیغام

اللہ پاک نے ہمیں پاکستان کی صورت میں ایک عظیم تحفہ دیا کہ جہاں پرخوبصورت اوردل بہار موسموں کے ساتھ ساتھ اولیاء کرام کے مزارعات بھی موجود ہیں جہاں پرسال بھراُمت مسلمہ کے لوگوں کی بڑی تعداد میں آمدروفت کا سلسلہ جاری رہتا ہے اس کے علاوہ دنیا کے دیگر مذاہب مثال کے طور پر ہندووسکھ برادری اور بدھ اِزم کے مذہبی قائدیں کی عبادت گاہیں بھی موجود ہیں جہاں پرسال بھران مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی آمدروفت کا سلسلہ کاربھی جاری رہتا ہے اس سلسلے میں یہ کہنا بے جانہ ہوگا کہ اللہ پاک نے ہمیں ایک ایسا خوبصورت خطہ عطافرمایا ہے کہ جس کا چپہ چپہ قدرتی حسن کا شاہکار ہے اس سلسلے میں صرف اورصرف ضرورت اس امرکی ہے کہ ہم نیک نیتی کے ساتھ اپنے اس پیارے وطن پاکستان کی تعمیروترقی کے لئے کام کریں اور یہ بات ذہین نشین کرلیں کہ اس کی ترقی سے ہماری خوشحالی وابستہ ہے اس سلسلے میں پاکستان ٹورازم پروموشن کونسل کی جانب سے ملک میں سیاحت کی ترقی کے سلسلہ میں پاکستان ٹورازم ڈائریکٹری شائع کرنے کا فیصلہ قابل تحسین ہیں اور یہ ڈائریکٹری ملک میں سیاحت کی ترقی میں فعال کردارادا کرے گی۔

جناب راجہ سکندرتحریک پاکستان کے ایک ممتاز گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں اوراس گھرانے نے بانی پاکستان قائداعظم کی قیادت میں تحریک پاکستان اور بعدازاں تعمیرپاکستان میں قابل قدر کردارادا کیا اس سلسلہ کارکو جاری رکھنے کیلئے جناب راجہ سکندر نے اپنی زندگی انسانیت کی خدمت کیلئے وقف کرڈالی اوراس مقصد کی تکمیل کیلئے بیرون ملک کا انتخاب کیا تاکہ شب وروز ملک کیلئے زرمبادلہ حاصل کیا جائے کیونکہ زرمبادلہ ملک وقوم کوترقی وخوشحالی سے ہمکنار کرسکتا ہے۔